ایک صفحے کا FAQ

بھنگ، حمل اور چھاتی سے دودھ پلانا

1. کیا حمل کے دوران بھنگ کا استعمال محفوظ ہے؟

تحقیق یہ ظاہر کرنا جاری رکھے ہوئے ہے کہ بھنگ ماں اور اس کے نشوونما پانے والے بچے پر منفی اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ بلاوجہ رسک لینے کی بجائے احتیاط برتیں اور اگر آپ حاملہ ہونے کے بارے میں سوچ رہی ہیں، حاملہ ہیں، یا بچے کو اپنا دودھ پلا رہی ہیں تو بھنگ کا استعمال نہ کریں۔

2. کیا بھنگ کا استعمال تولیدی صلاحیت پر اثرانداز ہوتا ہے؟

بھنگ کا طویل عرصے تک استعمال آپ کے حیض کے ماہوار دورانیے کو متاثر کر سکتا ہے اور افزائش نسل اور تولیدی صلاحیت میں استعمال ہونے والے ہارمونز میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔

3. کیا مجھ پر ہونے والے بھنگ کے اثرات میرے بچے تک منتقل ہوں گے؟

بالکل تمباکو اور شراب کی طرح ہی، بھنگ میں موجود اجزاء حمل کے دوران دورانِ خون کے ذریعے نامولود بچے تک اور پیدائش کے بعد اپنا دودھ پلانے سے بچے تک منتقل ہو جاتے ہیں۔

4. کیا خوردنی بھنگ کھانا، بھنگ کی سگریٹ نوشی کی نسبت زیادہ محفوظ ہوتا ہے؟

نہیں، اگر آپ بھنگ کی سگریٹ نوشی کے بجائے بھنگ والی اشیاء کو کھاتی ہیں تو خطرہ اگر زیادہ نہ بھی ہو تو برابر ہی ہوتا ہے۔ جب بات بھنگ اور حمل کی ہوتی ہے، تو پھر بھی ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ بالکل محفوظ ہے اور بہتر یہی ہے کہ اس کے استعمال سے مکمل طور پر اجتناب برتا جائے۔۔

5. کیا طبی بھنگ تفریحی طور پر استعمال کردہ بھنگ کی نسبت زیادہ محفوظ ہوتی ہیں؟

طبی بھنگ یا میڈیکل میرجوانا بھنگ کا ایسا استعمال ہے جو کہ ڈاکٹر کی جانب سے تجویز کردہ ہوتا ہے۔ البتہ اس سے حاملہ خواتین اور ان میں افزائش پانے والے بچوں پر بھنگ کے ہونے والے نقصان دہ اثرات میں کمی نہیں ہوتی کیونکہ طبی اور تفریحی طور پر استعمال کردہ بھنگ دونوں میں یکساں فعال اجزاء موجود ہوتے ہیں۔

6. کیا دوران حمل متلی کی کیفیت کے لیے بھنگ ایک مؤثر علاج ہے؟

دوران حمل متلی کی کیفیت کے علاج کے لیے بھنگ کے مددگار ہونے کے متعلق کوئی سائنسی ثبوت موجود نہیں ہے۔ اگر آپ کو دوران حمل صبح کے وقت کی متلی کی کیفیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، تو براہ کرم اپنے صحت کے نگہداشت کنندہ سے بات کریں کیونکہ ایسے دیگر اختیارات دستیاب ہیں جن کی ہیلتھ کینیڈا (Health Canada) کی جانب سے محفوظ اور مؤثر ہونے کی تصدیق کی گئی ہے۔

7. میری سہیلیاں ہیں جو دوران حمل بھنگ کی سگریٹ نوشی کرتی تھیں اور ان کے بچے تو صحت مند ہیں

تیل کے اثرات CBD اگرچہ سگریٹ نوشی، ویپنگ، اور بھنگ کے کھانے اور تمام کیسز میں ظاہر نہیں ہو پاتے، لیکن بڑھتی ہوئی تعداد میں تحقیقات یہ ظاہر کرتی ہیں کہ بھنگ کا کسی بھی شکل میں استعمال حاملہ خواتین اور ان میں افزائش پانے والے بچوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔

8. میں نے دوران حمل اور دودھ پلاتے وقت بھنگ کا استعمال ترک کر دیا تھا۔ کیا اب بھنگ کی سگریٹ نوشی محفوظ ہے؟

بھنگ کی سگریٹ نوشی میں بہت سارے کیمیکلز وہی ہوتے ہیں جو تمباکو کی سگریٹ نوشی میں موجود ہوتے ہیں اور آپ کے بچے کا اس کے دھوئیں کی زد میں آنا، اُس کے جسم میں نشوونما کے مسائل پیدا ہونے کے مواقع کو بڑھا سکتا ہے۔

بھنگ، حمل اور چھاتی سے دودھ پلانے کے بارے میں مزید جاننے کیلئے pregnancyinfo.ca/learn-more ملاحظہ کریں

SOGC_13333_cannabis_posters_1_faq_URDU.indd 1 2019-10-25 2:27 PM